**NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT**

**ORDERS OF THE DAY**

for the meeting of the National Assembly to be held on Tuesday, the 30th July, 2024 at 5:00 p.m.

**1.** *Tilawat*, *Hadith*, *Naat* and national anthem.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**2. MS. ASIA NAZ TANOLI** to invite attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination to a matter of urgent public importance regarding significant increase in patients of Hepatitis C in Islamabad, causing grave concern amongst the public.

## INTRODUCTION OF BILLS

**3. MR. NOOR ALAM KHAN** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2024].

**4.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**5. MR. BILAL AZHAR KAYANI**
**MS. ZEB JAFFAR** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Elections Act 2017 [The Elections (Second Amendment) Bill, 2024].

**6.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**7. MR. AMJAD ALI KHAN** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Article-9A).

**8.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**9. SYED RAFIULLAH** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Federal Employees Benevolent Fund and Group Insurance Act, 1969 (Act. No. II of 1969) [The Federal Employees Benevolent Fund and Group Insurance (Amendment) Bill, 2024].

**10.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**11. MR. NOOR ALAM KHAN** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Amendment in Article-51, 59 and 106)

**12.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**13. MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move for leave to introduce a Bill to restrain the solemnization of child marriages in the Islamabad Capital Territory [The Islamabad Capital Territory Child Marriage Restraint Bill, 2024].

**14.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**15. RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move for leave to introduce a Bill to establish the Pakistan Examination Board [The Pakistan Exanimation Board Bill, 2024].

**16.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**17. MR. NOOR ALAM KHAN** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Article-184).

**18.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**19. MS. ALIYA KAMRAN** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Article-27).

**20.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**21. SAHIBZADA SIBGHATULLAH** to move for leave to introduce a Bill to repeal the West Pakistan Maintenance of Public Order Ordinance, 1960 in its application to Islamabad Capital Territory [The West Pakistan Maintenance of Public Order (Repeal) Bill, 2024].

**22.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**23. MR. NOOR ALAM KHAN** to move for leave to introduce a Bill to repeal the Contempt of Court Ordinance, 2003 (V of 2003) [The Contempt of Court (Repeal) Bill, 2024].

**24.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**25. MR. NOOR ALAM KHAN** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024] (Article-177, 193 and 208)

**26.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

## LEGISLATIVE BUSINESS

**27. RAJA OSAMA SARWAR**
**MR. BILAL AZHAR KAYANI**
**MS. ZEB JAFFAR** to move that the Bill to provide for the establishment of the National Excellence Institute [The National Excellence Institute Bill, 2024], as passed by the Senate, be taken into consideration.

**28. RAJA OSAMA SARWAR**
**MR. BILAL AZHAR KAYANI**
**MS. ZEB JAFFAR** to move that the Bill to provide for the establishment of the National Excellence Institute [The National Excellence Institute Bill, 2024], be passed.

## AMENDMENTS TO THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007

**29. MS. NAFISA SHAH, MNA** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendments in the said Rules:-

**Amendment in Rule 205 of the Rules of Procedure**.- that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, after rule 205, the following new rules 205A and 205B, shall be added, namely:-

"**Committee on Scrutiny of Delegated Legislation**

**205-A. Composition.-** A Standing Committee, to be called the Committee on Scrutiny of Delegated Legislation shall be appointed by the Speaker of the National Assembly at the commencement of every National Assembly. The Committee shall be nominated for the term of the National Assembly:-

(a) The Committee shall consist of not less than fifteen members.
(b) The Committee shall have the power to send for persons, papers, and records.
(c) The Committee may make its own rules.

**205-B. Functions of Committee.-** (1) The Committee shall examine all regulations, rules, bye-laws and statutory regulations, orders made or given under any law, or ordinance after an order,

regulation, or bye-law is published in the Gazette, a copy is to be made available to the Secretariat of the National Assembly which will table it in the Committee on Scrutiny of Delegated Legislation. The Committee in turn shall examine the order for the following:-

(a) whether it complies with the constitution and the fundamental rights of citizens;
(b) whether it operationalizes the principles of the law as envisaged by the Majlis-e-Shoora (Parliament);
(c) whether the scope and the content of the order is such that it requires enactment of laws or amendments;
(d) whether it contains any financial implications;
(e) whether it bars the jurisdiction of a court of law;
(f) whether it allows a retrospective effect contrary to the law; and
(g) whether it calls for further clarification.

(2) The Committee may examine the Bills laid in the House for the scope and form of delegated legislation that is being provided for and suggest recommendations therein.

(3) The Committee may conduct public hearings or field visits to examine how the order, by-law, regulation is being applied for further scrutiny or oversights of the implementation of law.

(4) The Committee shall lay detailed report of their examination of the delegated legislation and the recommendations made to the Government to the House.

(5) If, on scrutiny the order, by-law or regulation concerned violates any of the principles stated in sub-rule (1), a disapproval motion may be moved by any member, and if it is agreed to by the House, it will cease to have effect".

**30. MS. NAFISA SHAH** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendments be taken into consideration.

**31. MS. NAFISA SHAH** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

**32. SYED NAVEED QAMAR** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendments in the said Rules:-

**Amendment in Rule 122 of the Rules of Procedure**.- that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in Rule 122, the expression ",other than a Finance Bill", appearing in the second line, shall be omitted; and thereafter the following proviso shall be inserted:-

> Provided that the report of the Committee examining the Finance Bill shall be laid in the House within fifteen days of the introduction of Bill."

**33. SYED NAVEED QAMAR** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendments be taken into consideration.

**34. SYED NAVEED QAMAR** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

## RESOLUTIONS

**35. MS. NUZHAT SADIQ** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to provide basic necessities in CDA Sectors especially I-11/1, I-11/2 and I-16/2, Islamabad."

**36. MS. NIKHAT SHAKEEL KHAN** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take steps to reduce the expenses of Hajj."

**37. RAI HASSAN NAWAZ KHAN** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to establish Software Technology Parks all over the country in order to promote IT business among our youth."

**38. SYED RAFIULLAH** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to strengthen regulatory oversight of Overseas Employment Promoters and to establish a dedicated grievance redressal mechanism to promptly address complaints of job seekers."

**39. JAM ABDUL KARIM BIJAR** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to carry out an audit of the Pakistan Nursing Council, particularly with reference to the registration of nursing institutions, during the past five years."

## MOTIONS UNDER RULE 259

**40. MS. AASIA ISHAQUE SIDDIQUI**
**MR. ARSHAD ABDULLAH VOHRA**
**MR. HASSAN SABIR** to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Electricity distribution companies, especially K-electric."

**41. RAI HASSAN NAWAZ KHAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the need to promote local manufacturers of Solar Panels."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**42.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**43. MS. AYESHA NAZIR**
**MR. SHER ALI ARBAB** to invite attention of the Minister for Interior to a matter of urgent public importance regarding increase in the prices of food essentials especially packaged milk in Islamabad, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**29th July, 2024**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو منگل، ۳۰ جولائی، ۲۰۲۴ء کو شام پانچ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۔ **محترمہ آسیہ ناز تنولی** وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو اسلام آباد میں ہیپاٹائٹس سی کے مریضوں میں نمایاں اضافہ سے متعلق ہے۔

## بلوں کا پیش کرنا

۳۔ **جناب نور عالم خان** تحریک پیش کریں گے کہ دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دیوانی ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۵۔ **جناب بلال اظہر کیانی** **محترمہ زیب جعفر** تحریک پیش کریں گے کہ انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [انتخابات (دوسری ترمیم) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۷۔ **جناب امجد علی خان** تحریک پیش کریں گے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۹۔الف) پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۸۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۹۔ **سید رفیع اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ فیڈرل ایمپلائز بینوویلنٹ فنڈ اینڈ گروپ انشورنس ایکٹ، ۱۹۶۹ء (ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۹۶۹ء) میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فیڈرل ایمپلائز بینوویلنٹ فنڈ اینڈ گروپ انشورنس (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۰۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۱۱۔ **جناب نور عالم خان** تحریک پیش کریں گے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۵۱، ۵۹ اور ۱۰۶ میں ترمیم) پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۲۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۱۳۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** تحریک پیش کریں گی کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں بچوں کی شادیوں پر پابندی عائد کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد بچوں کی شادی کا امتناع بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۱۵۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان امتحانی بورڈ کے قیام کا بل [پاکستان امتحانی بورڈ بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۱۷۔ **جناب نور عالم خان** تحریک پیش کریں گے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۱۸۴) پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۸۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۱۹۔ **محترمہ عالیہ کامران** تحریک پیش کریں گی کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۲۷) پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۰۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۲۱۔ **صاحبزادہ صبغت اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ ویسٹ پاکستان مینٹیننس پبلک آرڈر آرڈیننس، ۱۹۶۰ء کے اسلام آباد دارالحکومتی علاقے پر اطلاق کی تنسیخ کا بل [ویسٹ پاکستان مینٹیننس پبلک آرڈر (تنسیخی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۲۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۲۳۔ **جناب نور عالم خان** تحریک پیش کریں گے کہ توہین عدالت آرڈیننس، ۲۰۰۳ء (نمبر ۵ بابت ۲۰۰۳ء) کو منسوخ کرنے کا بل [توہین عدالت (تنسیخی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۲۵۔ **جناب نور عالم خان** تحریک پیش کریں گے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۱۷۷، ۱۹۳/اور ۲۰۸) پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

## قانون سازی

۲۷۔ **راجہ اسامہ سرور** **جناب بلال اظہر کیانی** **محترمہ زیب جعفر** تحریک پیش کریں گے کہ نیشنل ایکسیلنس انسٹی ٹیوٹ کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [نیشنل ایکسیلنس انسٹی ٹیوٹ بل، ۲۰۲۴ء] سینیٹ کی منظور کردہ صورت میں زیر غور لایا جائے۔

۲۸۔ **راجہ اسامہ سرور** **جناب بلال اظہر کیانی** **محترمہ زیب جعفر** تحریک پیش کریں گے کہ نیشنل ایکسیلنس انسٹی ٹیوٹ کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [نیشنل ایکسیلنس انسٹی ٹیوٹ بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

## قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترامیم

۲۹۔ **محترمہ نفیسہ شاہ، رکن قومی اسمبلی** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت مذکورہ قواعد میں درج ذیل ترامیم پیش کرنے کی اجازت طلب کریں گی:۔

**طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۲۰۵ میں ترمیم:۔** یہ کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۲۰۵ کے بعد، حسب ذیل نئے قواعد ۲۰۵/الف اور ۲۰۵ب کا اضافہ کر دیا جائے، یعنی:۔

## ''تفویض کردہ قانون سازی کی جانچ پڑتال سے متعلق کمیٹی

**۲۰۵۔الف۔ ہیئت ترکیبی:۔** ایک قائمہ کمیٹی، جو تفویض شدہ قانون سازی کی جانچ پڑتال سے متعلق کمیٹی کے نام سے موسوم ہو گی، ہر ایک قومی اسمبلی کے آغاز پر اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے مقرر کی جائے گی۔ کمیٹی کو قومی اسمبلی کی مدت کے لیے نامزد کیا جائے گا:۔

(الف) کمیٹی کم از کم پندرہ ارکان پر مشتمل ہو گی۔

(ب) کمیٹی کو افراد، دستاویزات اور ریکارڈ طلب کرنے کا اختیار ہو گا۔

(ج) کمیٹی اپنے قواعد وضع کر سکے گی۔

**۲۰۵۔ب۔ کمیٹی کے کارہائے منصبی:۔** (۱) کمیٹی تمام ضوابط، قواعد، ضمنی قوانین اور قانونی ضوابط، کسی قانون یا آرڈیننس کے تحت جاری کردہ یا دیئے گئے قانونی ضوابط احکامات کا جائزہ لے گی۔مابعد کسی فرمان، ضابطہ یا ضمنی قانون کی گزٹ میں اشاعت کے اور اس کی نقل قومی اسمبلی سیکریٹریٹ کو فراہم کی جائے گی جو کہ اسے تفویض شدہ قانون سازی سے متعلق کمیٹی میں پیش کرے گا۔اس کے بعد کمیٹی حسب ذیل کے لیے فرمان کا جائزہ لے گی:۔

(الف) آیا یہ دستور اور شہریوں کے بنیادی حقوق سے مطابقت رکھتا ہے؛

(ب) آیا یہ مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) کی طرف سے متصورہ قانون کے اصول سے منطبق ہے؛

(ج) آیا فرمان کا دائرہ اور متن ایسا ہے کہ اس کے لئے قوانین وضع کرنے یا ترمیم کرنے کی ضرورت ہے؛

(د) آیا اس میں کوئی مالی مضمرات شامل ہیں؛

(ہ) آیا یہ عدالت کے دائرہ اختیار کو روکتا ہے؛

(و) آیا یہ قانون کے برخلاف ماضی سے مؤثر ہونے کی اجازت دیتا ہے؛ نیز

(ز) آیا یہ مزید وضاحت کا طلبگار ہے۔

(۲) کمیٹی ایوان میں پیش کردہ بلوں پر مفوضہ قانون سازی جو وضع کی جارہی ہے کی وسعت اور صورت کے لئے غور وخوض کر سکتی ہے اور اس میں سفارشات تجویز کر سکتی ہے۔

(۳) کمیٹی یہ جاننے کے لئے عوامی سماعتیں یا فیلڈ دورے کر سکتی ہے کہ فرمان کا بطور قانون اور ضابطہ کے اطلاق قانون کے نفاذ کی مزید جانچ پڑتال یا نگرانی کے لئے کیسے کیا جارہا ہے۔

(۴) کمیٹی تفویض کردہ قانون سازی اور حکومت کو دی گئی سفارشات کی تفصیلی رپورٹ ایوان میں پیش کرے گی۔

(۵) اگر جانچ پڑتال پر فرمان میں متعلقہ قانون یا ضابطہ کی ذیلی قاعدہ(۱) میں بیان کردہ اصولوں میں سے کسی کی خلاف ورزی پائی جاتی ہے تو کوئی رکن نامنظوری کی تحریک پیش کر سکتا ہے اور اگر ایوان اس پر متفق ہو تو اس کا اطلاق ختم ہو جائے گا''۔

۳۰۔ **محترمہ نفیسہ شاہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گی کہ مجوزہ ترامیم زیر غور لائی جائیں۔

۳۱۔ **محترمہ نفیسہ شاہ** تحریک پیش کریں گی کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

۳۲۔ **سید نوید قمر** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت مذکورہ قواعد میں درج ذیل ترامیم پیش کرنے کی اجازت طلب کریں گے:۔

**طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۱۲۲ میں ترمیم:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۱۲۲ میں، دوسری سطر میں واقع عبارت "، مالیاتی بل کے علاوہ" حذف کر دی جائے گی اور اس کے بعد حسب ذیل جملہ شرطیہ شامل کر دیا جائے گا:۔

"مگر شرط یہ ہے کہ مالیاتی بل کا جائزہ لینے والی کمیٹی کی رپورٹ بل پیش کرنے کے پندرہ دن کے اندر ایوان میں پیش کی جائے گی۔"

۳۳۔ **سید نوید قمر** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ مجوزہ ترامیم زیر غور لائی جائیں۔

۳۴۔ **سید نوید قمر** تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

## قراردادیں

۳۵۔ **محترمہ نزہت صادق** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت سی ڈی اے کے سیکٹروں خاص کر آئی۔۱/۱۱، آئی۔۱۱/۲/اور آئی۔۱۶/۲/اسلام آباد میں بنیادی ضروریات فراہم کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے۔''

۳۶۔ **محترمہ نکہت شکیل خان** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت حج کے اخراجات میں کمی کرنے کے لیے اقدامات کرے۔''

۳۷۔ **رائے حسن نواز خان** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت نوجوانوں کے مابین آئی ٹی بزنس کے فروغ کے لئے ملک بھر میں سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارکس کے قیام کی بابت اقدامات کرے۔''

۳۸۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت سمندر پار روزگار کے فروغ کنندگان کی انضباطی نگرانی کو مستحکم کرنے اور روزگار کے متلاشی افرد کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے ایک مربوط شکایات ازالہ نظام قائم کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے۔''

۳۹۔ **جام عبدالکریم بجار** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے۔

''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت پاکستان نرسنگ کونسل کا بالخصوص گزشتہ پانچ سالوں کے دوران نرسنگ اداروں کی رجسٹریشن کے حوالے سے آڈٹ کرانے کے لیے فوری اقدامات کرے۔''

## تحاریک زیر قاعدہ ۲۵۹

۴۰۔ **محترمہ آسیہ اسحاق صدیقی** **جناب ارشد عبداللہ وہرہ** **جناب حسان صابر** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے۔

''یہ ایوان بجلی کی تقسیمی کمپنیوں بالخصوص کے۔الیکٹرک کی کارکردگی پر بحث کرے۔''

۴۱۔ **رائے حسن نواز خان** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے۔

''یہ ایوان سولر پینلز کے مقامی مینوفیکچررز کو فروغ دینے کی ضرورت پر بحث کرے۔''

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۴۲۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۴۳۔ **محترمہ عائشہ نذیر** **جناب شیر علی ارباب** وزیر برائے داخلہ کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو اسلام آباد میں اشیائے ضروریہ بالخصوص پیک شدہ دودھ کی قیمتوں میں اضافہ سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۲۹ جولائی، ۲۰۲۴ء۔**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**